© rasailojaraid.com

یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر آج کے مسلمان زوال سے کیوں دوچار ہیں۔ اس موضوع پر بہت سے لوگوں نے لکھا ہے۔ اس مختصر کتاب میں چوہدری رحمت علی نے صحیح تجزیہ کر کے بتایا ہے کہ ہمیں کن خرابیوں اور بداعمالیوں نے پست کر دیا ہے۔

---

**ایک درویش، ایک مجاہد** از نذیر احمد خان سابق لیکچرر۔ بہ اہتمام: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔ ناشر: مکتبہ المنار۔ منصورہ۔ لاہور ۱۸۔ سفید کاغذ، خوبصورت سرورق۔ قیمت: درج نہیں۔

اس کتاب میں چوہدری بہادل خان ناگرہ کی سوانح اور ان کے مطالعۂ کردار پر مشتمل ہے۔ اس میں چوہدری صاحب کے اخلاق کے خاص خاص پہلو سامنے لائے گئے ہیں۔ میری گواہی بھی یہی ہے کہ یہ مرحوم بزرگ حسن خلوص، دیانت، محنت، خدمت اور پابندیٔ نظم کے خوگر تھے۔ شعبہ ملازمت، محکمہ تعلیم کی افسری اور ریٹائرمنٹ کے بعد تمام اداروں میں ان کا کردار بے داغ رہا۔ مرحوم نے اہم متعدد دینی پمفلٹ بھی لکھے۔ یہ پمفلٹ ایسے تمام لوگوں کو پڑھنا چاہئیں جو زندگی کو سنوارنا چاہتے ہوں۔

---

**سیرت تابعین** مؤلف: ڈاکٹر عبدالرحمٰن رأفت پاشا۔ مترجم (عربی سے اردو) محمد نصراللہ خان خازن۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی۔ لاہور۔ تقسیم کنندہ: المنار بک سنٹر، منصورہ، لاہور ۱۸۔ صفحات: ۱۵۸۔ رنگین دبیز سرورق۔ قیمت درج نہیں۔

نہایت مفید کتاب ہے۔ اس میں اکابر تابعین میں سے ۱۲ اصحاب کے احوال پیش کیے گئے ہیں۔ یہ صرف چند رجال خاص کے احوال ہی نہیں ہیں، بلکہ اس دور کے دینی مزاج اور تہذیبی ماحول اور اخلاقی قدروں کا ایک نقشہ بھی سامنے آجاتا ہے۔ یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ اہلِ مال و جاہ کے مقابلے میں اہلِ علم اور اہلِ کردار کی قدر و قیمت کتنی زیادہ تھی۔

---

© rasailojaraid.com